# رہبر انقلاب اسلامی نے فوج کے نئے کمانڈر ان چیف اور جوائنٹ چیف آف اسٹافس کے قائم مقام کو منصوب کر دیا - 22 /Aug/ 2017

رہبر انقلاب اسلامی نے دو حکم ناموں کے تحت میجر جنرل عطاء اللہ صالحی کو جوائنٹ چیف آف اسٹاف کے قائم مقام اور جنرل سید عبدالرحیم موسوی کو فوج کے کمانڈر ان چیف کے عہدے سونپ دئے۔

حکم ناموں کا متن:

بسم اللہ الرحمن الرحیم

جناب میجر جنرل عطاء اللہ صالحی

فوج کے کمانڈر ان چیف کے عہدے کے دوران آپ کی مخلصانہ خدمات کی قدردانی کرتے ہوئے، جوائنٹ چیف آف اسٹافس کے سربراہ کی تجویز اور آپ کے گرانقدر تجربات اور کمانداری کی صلاحیتوں کے پیش نظر، آپ کو جوائنٹ چیف آف اسٹافس کے قائم مقام کے طور پر منصوب کیا جاتا ہے۔

جنرل سید عبدالرحیم موسوی کی زحمتوں اور کوششوں کی قدردانی کرتا ہوں جو اب تک اس عہدے پر فائز تھے۔ اللہ تعالی سے سب کی کامیابی کی دعا کرتا ہوں۔

سید علی خامنہ ای

30 مرداد 1396 مطابق 21 اگست 2017

بسم اللہ الرحمن الرحیم

جناب بریگیڈیئر جنرل سید عبدالرحیم موسوی

آپ کی صلاحیتوں، حسن کارکردگی اور تجربوں کے پیش نظر، آپ کو میجر جنرل کے درجے پر فائز کرتے ہوئے اسلامی جمہوریہ ایران کے فوج کے کمانڈر ان چیف کے عہدے پر منصوب کرتا ہوں۔

فوج کی کارآمد اور باایمان افرادی قوت جو ایک عظیم ذخیرے کی مانند ہے اور دفاع مقدس کے دوران حاصل ہونے والے تجربات کے پیش نظر، توقع کی جاتی ہے کہ آپ کی سربراہی میں فوجیوں کے معاشی مسائل کے ساتھ ساتھ پیشرفت پر مبنی انقلابی رجحان ، فوجی صلاحیتوں اور معنویت کی بلندیوں  اور دیگر مسلح افواج کے ساتھ یکجہتی کی رفتار اور معیار میں اضافہ ہوگا۔

جنرل عطاءاللہ صالحی کی زحمتوں اور کوششوں کی قدردانی کرتا ہوں جو اب تک اس عہدے پر فائز تھے۔ اللہ تعالی سے سب کی کامیابی کی دعا کرتا ہوں۔

سید علی خامنہ ای

30 مرداد 1396 مطابق 21 اگست 2017